سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ

مکی سورۃ ہے اس کی چھ آیات ہیں

رکوع نمبر ۱ آیات ۱ تا ۶ عَمَّ ۳۰/۳۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ۝

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝١
اے پیغمبر ان منکران اسلام سے کہہ دو کہ اے کافرو! ①

لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝٢
جن (بتوں) کو تم پوجتے ہو ان کو میں نہیں پوجتا ②

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝٣
اور جس (خدا) کی میں عبادت کرتا ہوں اسکی تم عبادت نہیں کرتے ③

وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝٤
اور میں پھر کہتا ہوں کہ جنکی تم پرستش کرتے ہو (کبھی) میں پرستش کرنیوالا نہیں ہوں ④

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝٥
اور تم اسکی بندگی کرنیوالے معلوم ہوتے ہو جسکی میں بندگی کرتا ہوں ⑤

لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝٦ ع ۱/۲ ۳۴
تم اپنے دین پر میں اپنے دین پر ⑥

THE DISBELIEVERS

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. Say : O disbelievers!
2. I worship not that which ye worship;
3. Nor worship ye that which I worship.
4. And I shall not worship that which ye worship.
5. Nor will ye worship that which I worship.
6. Unto you your religion, and unto me my religion.

اسرار و معارف

کفار سے فرما دیجئے کہ میں اللہ کا رسول ﷺ اور موحد ہوں تمہارے معبودوں کی عبادت نہیں کر سکتا کہ کفار مکہ نے اس بات پہ سمجھوتہ کرنے کی کوشش کی تھی کہ آپ ﷺ بتوں کو برا نہ کہیں تو ارشاد ہوا کہ باطل کو باطل نہ کہنا تو گویا اسے قبول کرنا ہے لہٰذا من کفر کو قبول نہیں کر سکتا وہ بہر حال غلط کو غلط ہی کہے گا اور تم جب تک کافر ہو اور اپنے عقیدے اور عمل سے تائب نہیں ہوتے میرے معبود کی عبادت نہیں کر سکتے کہ اسلام سمجھوتے کا نام نہیں کہ کچھ کفر قبول کر لیا جائے اور کچھ باتیں اسلام کی ہوں بلکہ کفر کو مٹا کر اسلام نافذ ہوتا ہے لہٰذا ایسے سمجھوتے کی آئندہ بھی کوئی امید نہ رکھو میرے لیے میرا دین ہے جس کا انجام کامیابی و کامرانی ہے اور تم اگر توبہ نہیں کرتے تو دیکھ لو گے جو تمہارے دین کا انجام ہے۔